ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (377)

مورخہ 13.07.24

**بہاولپور() تھانہ صدر بہاولپور پولیس کی موٹر سائیکل چوروں کے خلاف کامیاب کارروائی، موٹر سائیکل چوری کے مقدمات میں ملوث حاجی گینگ کا سرغنہ گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی 05 عدد موٹر سائیکلیں برآمد، برآمد شدہ مال مسروقہ قانونی طریقہ کار کے بعد مالکان کے حوالے، بہاولپور پولیس جرائم کی سرکوبی کے لیے دن رات کوشاں اور شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سے ریلیف پہنچانے کے لیے چوری شدہ مال برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کر رہی ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان۔**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی قیادت میں بہاولپور پولیس معاشرتی امن کو خراب کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے، تھانہ صدر بہاولپور پولیس نے موٹر سائیکل چوری کے متعدد مقدمات میں ملوث حاجی گینگ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے گینگ کے سرغنہ فلک شیر کو گرفتار کرلیا، جس کی نشاندہی پر لاکھوں روپے مالیتی 05 عدد موٹر سائیکلیں برآمد کر لی۔ ملزم کو جدید ٹیکنالوجی و شب و روز کی محنت سے گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ملزم بہاولپور کے علاوہ دیگر شہروں ملتان اور لودھراں کی حدود میں مختلف جگہوں سے موٹر سائیکل چوری کی وارداتیں کرتا تھا۔ ملزم سے مزید انٹروگیشن جاری ہے گینگ کے دیگر ملزمان کی گرفتاریوں کے لیے ایس ڈی پی او صدر بہاولپور کی زیر قیادت پولیس ٹیمیں تحرک جاری رکھی ہوئی ہیں۔ برآمد شدہ مال مسروقہ قانونی طریقے کے بعد اصل مالکان کے حوالے کر دیا گیا ہے، ڈی پی او نے ایس ایچ او تھانہ صدر بہاولپور اور اس کی ٹیم کو کامیاب کارروائی کرنے پر شاباش دی، بہاول پور پولیس جرائم کی سرکوبی کے لیے دن رات کوشاں اور شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سے ریلیف پہنچانے کے لیے چوری شدہ مال برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کر رہی ہے۔ اور اس میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے تا کہ بہاولپور کا امن برقرار رکھا جا سکے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: تھانہ صدر بہاولپور پولیس کی موٹر سائیکل چوروں کے خلاف کامیاب کارروائی، موٹر سائیکل چوری کے مقدمات میں ملوث حاجی گینگ کا سرغنہ گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی موٹر سائیکلیں برآمد، برآمد شدہ مال مسروقہ مالکان کے حوالے

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(378)

مورخہ 13.07.24

**بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے 6 محرم الحرام کے حوالے سے صدر سرکل میں منعقد مجالس اور جلوسوں کا وزٹ کیا،محرم الحرام کے موقع پر جلوس اور مجالس کی سکیورٹی اولین ترجیح ہے،ڈیوٹی میں سستی ولا پرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائیگی،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے 6 محرم الحرام کے حوالے سے صدر سرکل کے مختلف جلوسوں و منعقد مجالس کا وزٹ کیا۔اس دوران ایس ڈی پی او صدر سرکل بابر علی بھی ہمراہ تھے۔ڈی پی او نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ یوم عاشورہ کے دوران سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے ہیں، جاری کردہ سکیورٹی پلان پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔جلوسوں کی سی سی ٹی وی کیمرہ جات سے مانیٹرنگ کی جائے۔جلوس میں شامل ہونے والوں کی میٹل ڈیٹکٹر سے مکمل تلاشی لی جائے، واک تھرو گیٹ کے ذریعے جلوسوں اور مجالس میں داخل ہونے دیا جائے۔ملکی حالات کے پیش نظر اپنے اردگرد مشکوک اشخاص اور مشکوک حرکات و سکنات پر کڑی نظر رکھتے ہوئے اپنی ڈیوٹی چاک و چوبند اور احسن طریقے سے سرانجام دیں۔جلوس کے دوران کسی بھی اجنبی شخص کو بغیر شناخت کے جلوس ہائے میں داخل ہونے سے روکا جائے۔جلوس اور مجالس میں خواتین کی تلاشی بذریعہ لیڈی پولیس اہلکاران لی جائے۔جلوس اور مجالس کے آغاز سے قبل سپیشل برانچ کے عملہ سے سویپنگ کروائی جائے۔جلوسوں میں شامل ہونے والے راستوں کو خاردار تاروں سے سیل کیا جائے۔جلوس کے راستوں کے ساتھ بلند عمارتوں پر پولیس کے ماہر نشانہ باز مامور کئے جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ڈیوٹی پر مامور ملازمان کو ڈیوٹی شروع ہونے سے پہلے چیک کر کے بریف کریں گے اور ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں آگاہ کریں۔ڈیوٹی میں سستی و لاپرواہی برداشت نہیں کی جائیگی۔



بہاولپور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان 6 محرم الحرام کے حوالے سے صدر سرکل میں منعقد مجالس اور جلوسوں کا وزٹ کرتے ہوئے